الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 11نومبر 2022 ء   اسلام آباد



الیکشن کمیشن کا چاروں صوبوں اور اسلام آباد میں  ووٹرز آگاہی ورکشاپس کا انعقاد

(1)   جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان عبدالقیوم شنواری نے سردار بہادرخان ویمن یونیورسٹی کوئٹہ میں طالبات ، فیکلٹی اور سول سوسائٹی سے خطاب کرتے ہوئے آنے والے انتخابات میں خواتین کے ووٹ کے استعمال کو نہایت کلیدی قرار دیا اور شرکاء کو الیکشن کمیشن کے ساتھ عوامی آگاہی مہم میں شانہ بشانہ کام کرنے کی ترغیب دی۔ اس کے ساتھ اسلام آباد میں پلڈیٹ پاکستان کے زیراہتمام نوجوانوں کی انتخابی عمل میں عدم شرکت کے موضوع پر ہونے والے ایک روزہ سیمینا ر میں ڈائر یکٹر میڈیا الیکشن کمیشن کی قرت العین فاطمہ نے شرکاء اور سول سوسائٹی کو الیکشن کمیشن کی نوجوانوں کے حوالے سے آگاہی مہم کے بارے میں تفصیلا ت دیں اور بتایا کہ پچھلے ایک سال سے پورے ملک کی مختلف یونیورسٹیوں ، کالجوں اور ہائیر سیکنڈری سکولوں میں اب تک الیکشن کمیشن 453سٹوڈنٹس آگاہی ورکشاپس کا انعقاد کراچکا ہے ۔  حال ہی میں طالب علموں کے مابین ووٹ کے اہمیت کے حوالے سے ایک ملک گیر تصویر ی مقابلے کا انعقاد بھی کرایا گیا جس میں چاروں صوبوں سے 280 یونیورسٹیوں اور کالجوں کے طالب علموں نے شرکت کی۔

(2)   خیبرپختونخوا میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر قبائلی ضلع خیبر شاہد علی نے تحصیل جمرود میں گورنمنٹ ڈگری کالج میں آنے والے عام انتخابات 2023 میں ووٹ کاسٹ کرنے کی اہمیت اور جمہوریت کو مضبوطی بنانے کے لئے نوجوانوں اور اساتذہ کے اہم کردار سے آگاہ کیا۔

(3)   صوبہ پنجاب کے مرکزی شہر لاہور میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر لاہور عبدالودود خان نے سول سوسائٹی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کے ساتھ ورکشاپ کا انعقاد کیا اور حاضرین کو عوامی آگاہی کےسلسلے میں الیکشن کمیشن کی معاونت پر راغب کیا۔ صوبہ سند ھ کےضلع کشمور میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کشمور کندھ کوٹ ظہیر احمد ستی نے حدا کالج میں طالب علموں اور

اساتذہ کے ساتھ ورکشاپ کا اہتما م کیا ۔ قبائلی ضلع جنوبی وزیرستان میں ریجنل الیکشن کمشنر اعجاز خان اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر محمد بلال نے گورنمنٹ ہائی سکول جنوبی وزیر ستان ، قبائلی ضلع باجوڑ میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اجمل حفیظ نے گورنمنٹ ہائی سکول بانڈہ گئی باجوڑ ، اور خیبر پختونخواہ کے دو افتادہ نئے قائم شدہ ضلع کولئی پالس کوہستان میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر عنایت اللہ خان وزیر نے گورنمنٹ ہائی سکول کوہستان میں سٹوڈنٹس ورکشا پ کا انعقاد کرایا ۔

(4) طلباء کی یہ آگاہی ورکشاپس عام انتخابات 2023 تک جاری رہیں گی جن کا مقصد نوجوانوں کی انتخابی عمل میں شرکت کے ساتھ ساتھ خواتین کے ووٹ کاسٹ کرنے کو یقینی بنانا اور معاشرے کے تمام محروم طبقات بشمول افراد باہمی معذوری، خواجہ سرا،بزرگ ووٹرز کی انتخابی عمل میں بھرپور شرکت کو یقینی بنانا ھے تاکہ inclusive Elections کا انعقاد کیا جا سکے۔